| UG-067 | BUR-31 |
|---|---|

B.A. DEGREE EXAMINATION – DECEMBER, 2019.

Third Year

Urdu

MANZOOMATH

Time : 3 hours        Maximum marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ اردو نظم کے ارتقاء کا مفصّل جائزہ لیجئے۔

۲۔ نظم نگاری کے فن پر اظہارِ خیال پیش کرتے ہوئے کیوں اصنافِ شاعری میں یہ ایک مفید و کارآمد صنف ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۳۔ نظیرؔ اکبرآبادی کی نظم نگاری پر تبصرہ کیجئے۔ نظیرؔ کو زبانِ اردو کا عوامی شاعر کیوں کہا گیا؟ وجوہات رقم کیجئے۔

۴۔ ''بنجارہ نامہ'' نظم میں نظیرؔ اکبرآبادی نے دنیا کی بے ثباتی اور زندگی کی ناپائداری کا نقشہ کس طرح کھینچا ہے؟ واضح کیجئے۔

۵۔ علاّمہ اقبالؔ کی نظم ''وطنیت'' کے متعلق علاّمہ کے افکارات وخیالات کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

٦۔ اقبالؔ کی حُبّ الوطنی نظم ''ہمالہ'' کی وساطت سے واضح کیجئے۔

۷۔ نظم ''مجھ سے پہلی سی محبت میرے محبوب نہ مانگ'' کا تجزیہ کیجئے اور اس نظم کے مرکزی خیال سے مطلع کیجئے۔

۸۔ ذیل کے اشعار میں سے کسی پانچ کی تشریح بحوالۂ شاعر کیجئے :

(الف)

جب چلتے چلتے رستے میں یہ گون تری ڈھل جاویگی
اک بدھیا تیری مٹّی پر پھر گھاس نہ چرنے پاوے گی

(ب)

جو آج دیوے گا یہاں ویسا ہی وہ کل پاوے گا
کل دیوے گا کل پاوے گا کل پاوے گا کل پاوے گا

(ج)

اے ہمالہ! اے فصیل کشور ہندوستاں
چومتا ہے تیری پیشانی کو جھک کر آسماں

(د)

کانپتا پھرتا ہے کیا رنگِ شفق کہسار پر
خوشنما لگتا ہے یہ غازہ ترے رخسار پر

(ھ)

علم نے مجھ سے کہا عشق ہے دیوانہ پن!
عشق نے مجھ سے کہا علم ہے تخمین وظن؟

(و)

سورج نے دیا اپنی شعاعوں کو یہ پیغام
دنیا ہے عجب چیز! کبھی صبح کبھی شام

(ز)

اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفّل کرلو
اب یہاں کوئی نہیں، کوئی نہیں آئے گا

(ح)

جگر کی آگ، نظر کی اُمنگ، دل کی جلن
کسی پہ چارۂ ہجراں کا کچھ اثر ہی نہیں

---

| | |
|---|---|
| **UG-068** | **BUR-32** |

B.A. DEGREE EXAMINATION – DECEMBER, 2019.

Third Year

Urdu

NOVEL

Time : 3 hours Maximum marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ اردو زبان میں ناول کے آغاز و ارتقاء پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

۲۔ ناول کسے کہتے ہیں؟ یہ کس ملک کی دین ہے؟ اسکے اہم فنی عناصر کا مفصّل خاکہ پیش کیجئے۔

۳۔ عصمت چغتائی نے ''ضدی'' ناول میں دو طبقات کی محبت کو یکجا کرنے کی سعی کی ہے۔ تبصرہ کیجئے۔

۴۔ ''ضدی'' کی کہانی کا خلاصہ لکھئے۔

۵۔ عشق میں ناکامی کے بعد پورن کا رویہّ اپنی ذات، خاندان اور سماج کے ساتھ انتقام لئے جانے کا احوال مفصل تحریر کیجئے۔

٦۔ پورن کے گھر والوں نے پورن کے دل سے آشا کی محبت کو ختم کرنے کی وہ کونسی تدبیریں عمل میں لائیں تفصیل رقم کیجئے۔

۷۔ ناول نگار عصمت چغتائی کی حالاتِ زندگی پر مفصّل مضمون قلمبند کیجئے۔

۸۔ ذیل کے کسی تین اقتباسات کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے :

(الف) ''پہلے تو یہ چھوکریاں انجن گاڑی کے آگے لیٹ جاتی ہیں اور پھر جب کچل جاتی ہیں تو ہائے توبہ مچاتی ہیں۔ بدنامی، بے عزتی اور دنیا لٹنے کی

دھمکیاں لے بیٹھتی ہیں اور اپنا عیب غریب سماج کے سر تھوپتی ہیں۔ خدا کی شان ہے۔ پھر بھی دنیا ان ہی کے ساتھ ماتم میں شریک ہو جاتی ہے۔''

(ب) ''گھبرایا تو دراز میں سے پھول نکال کر دیکھنے لگا۔ یہ وہی پھول تھے لال لال، صبا کے گالوں جیسے لال لال پھول جو دھرتی نے اُگلے تھے اور وہی دھرتی آشا کی خاک کو نگل چکی تھی۔ اب یہ پھول سیاہ ہو چلے تھے۔ جیسے جما ہوا مُردہ خون۔''

(ج) ''مگر عورت؟ وہ کتنی مختلف ہوتی ہے۔
اس کا دل ہر وقت سہما رہتا ہے۔
ہنستی ہے تو ڈر کے، مسکراتی ہے تو
جھجک کر۔ قدم قدم پر اُسے اپنے راز
کے کھلنے کا ڈر لگا رہتا ہے کیا ہوگا؟
کیسے ہوگا؟ یہ ہوا تو......؟ اور پھر
کم بخت ناقص العقل ہے۔''

(د) ''سنو بھیا! وہ پریم کرتی ہے۔ یہی نا؟
کرنے دو اسے تم نے کبھی پریم نہیں کیا؟
تم نے کبھی پریم ایسے نہیں کیا کہ تم اس

میں بھسم ہو گئے ہو۔ کیا میں روکوں؟
نہیں بھیا اسے پریم نہیں دے سکتا
تو پھر پریم کی بھیک کسی دوسرے سے
مانگتی ہے۔ تو کیسے روکوں؟''

(ھ) ''تم نے میرے ہاتھ پیر کاٹ
دیئے بھیّا۔ تم میرے ہمیشہ سے
دشمن ہو۔ میں مر جاؤں تو خوش ہونا۔
ساری جائداد کے مالک تو ہو گے۔''

---

| UG-069 | BUR-33 |
|---|---|

B.A. DEGREE EXAMINATION – DECEMBER, 2019.

Third Year

Urdu

LITERARY CRITICISM

Time : 3 hours Maximum marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ تنقید کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اسکی اہمیت اور ضرورت پر روشنی ڈالئے۔

۲۔ اردو تنقید کی تاریخ پر روشنی ڈالئے۔

۳۔ ادبی تنقید کی بابت عالمی ادب کے دانشوروں کے نظریات اور خیالات کیا کیا تھے؟ تبصرہ کیجئے۔

۴۔ تحقیق وتنقید کا باہمی رشتہ کن کن بنیادی نکات سے قائم ہوتا ہے؟ واضح کیجئے۔

۵۔ تنقید کی قسمیں بیان کرتے ہوئے ہر ایک کی اہمیت ادب کی ترقی کے لئے کیوں کارآمد ہیں وجوہات پیش کیجئے۔

۶۔ شبلی بحیثیتِ تنقید نگار اور ان کے تنقیدی نظریات کا مفصّل جائزہ لیجئے۔

۷۔ نقاد کے فرائض کی بابت اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔ اوران ضوابط کا انکشاف کیجئے کہ جن کے دائرے میں یہ فرائض عائد ہوتے ہیں۔

۸۔ ذیل کے کسی تین موضوعات پر وضاحتی نوٹ لکھئے :

(الف) مراسلاتی تنقید

(ب) ترقی پسند تنقید

(ج) مقدمہ شعروشاعری

(د) تقریظ

(ھ) ارسطو کا نظریۂ تنقید

---

| UG-070 | BUR-34 |
|---|---|

B.A. DEGREE EXAMINATION – DECEMBER, 2019.

Third Year

Urdu

PROSODY AND RHETORIC

Time : 3 hours Maximum marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہرسوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ ارکان کے ٹکڑوں کو اجزاء یا اصول یا افعال کہتے ہیں۔اصولِ ارکان کا تفصیلی جائزہ لیجئے اور مثالیں پیش کیجئے۔

۲۔ علمِ بدیع کا مفہوم سمجھائیے۔ صنائع لفظی اور صنائع معنوی کی تعریف مع امثلہ کیجئے۔

۳۔ بحروں کو بیان کرتے ہوئے یہ بتائیے کہ کُل کتنے بحور ہیں ان کے صرف نام گنوائیے۔ اور بحرِ متقارب، بحرِ رجز اور بحرِ رمل کی وضاحت کیجئے۔

۴۔ تقطیع کے اصول سمجھائیے۔ حروفِ ملفوظی غیر مکتوبی کی مختصر سی تعریف کیجئے۔ تشدید اور الفِ ممدودہ کی وضاحت کیجئے۔

۵۔ تشبیہ اور تشبیہ کے اقسام کتنے ہیں؟ ہر ایک کی
تعریف مع امثلہ کیجئے۔

۶۔ استعارہ کا مفہوم سمجھائیے۔ اسکی کتنی قسمیں ہیں؟
تمام کی وضاحت مع امثلہ کیجئے۔

۷۔ لفظ اور معنی کے اعتبار سے نثر کی کل اقسام کتنی ہیں؟
مثالوں سے اس کی وضاحت کیجئے۔

۸۔ ذیل کے کسی تین موضوعات پر وضاحتی نوٹ لکھئے :

(الف) شہر آشوب

(ب) عاری

(ج) صنعتِ تجاہلِ عارفانہ

(د) قصیدہ

(ھ) واؤ معدولہ

<table><tr><td>UG-071</td><td>BUR-35</td></tr></table>

B.A. DEGREE EXAMINATION – DECEMBER, 2019.

Third Year

Urdu

URDU JOURNALISM

Time : 3 hours Maximum marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ صحافت کی تعریف کیجئے۔ اسکی غرض و غایت کو اجاگر کرتے ہوئے اپنی معلومات کا انکشاف کیجئے۔

۲۔ ہندوستان میں اردو صحافت کے آغاز و ارتقاء کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

۳۔ خبر نگاری کے طریقے کون کونسے ہیں؟ ہر ایک پر مفصّل مضمون لکھئے۔

۴۔ اچھے اور کامیاب ترین رپورٹر کے اوصاف بیان کیجئے۔

۵۔ خبر نگار کے تمام اوصاف پر وضاحتی نوٹ لکھئے۔

۶۔ تامل ناڈو میں اردو صحافت کے آغاز پر ایک مضمون لکھئے۔ اور یہاں کے اخبارات کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔

۷۔ خبر کے لوازمات پر ایک تفصیلی مضمون لکھئے۔

۸۔ ذیل کے کسی تین پر مختصر مضمون لکھئے :

(الف) فیچر نگاری

(ب) پریس کانفرنس

(ج) حک و اصلاح

(د) رپورٹ

(ھ) شذرات

---